


EFU LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شریعہ کمپلائینس سرٹیفکیٹ

ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ-ونڈو تکافل آپریشنز

ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ- ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے ای ایف یو مستحکم پلان کا جائزہ لیا ہے جو کہ اے ایچ ایم بی کے توصل سے تقسیم کیا جارہا ہے۔ یہ تکافل پلان وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔

نیز میں نے اس مذکورہ اسکیم کے دستاویزی کاغذات اور متعلقہ دیگر امور بشمول سرمایہ کاری وغیرہ کا بغور مطالعہ کیا ہے اور بحمد اللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے۔ لہذا میری رائے میں ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ- ونڈو تکافل آپریشنز کی مذکورہ اسکیم کی رکنیت حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا شرعا جائز ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم۔

مُفتی مُحمد ابراھیم عیسٰی شریعہ ایڈوائزر حمایہ ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز

تاریخ: ۳۰ جون ۲۰۲۴
مفتی محمد ابراہیم عیسی
شرعی مشیر

**کلیم:**

کسی بھی غیر متوقع واقعے کے صورت میں، آپ اپنے کلیم کی اطلاع کسی بھی حبیب میٹروپولیٹن بینک کی شاخ میں، ای ایف یو ہیڈ آفس جا کر یا ملک میں ہماری کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔ کلیم پر فوری عمل درآمد کے لیے، آپ ہمارے کال سینٹر 021-111-338-438 پر فون کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر جا کر، اطلاعی فارم بھر سکتے ہیں اور ہمیں cod@efuhemayahtakaful.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد آپ سے اگلے اقدامات کے لیے رابطہ کیا جائے گا۔

**انتباہ**

- شریعہ سے ہم آہنگ یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کا تحریر کردہ ہے۔ یہ پروڈکٹ حبیب میٹروپولیٹن بینک یا اس کی ذیلی کمپنی کا نہیں ہے اور نہ حبیب میٹروپولیٹن بینک اس کا ضامن ہے۔ ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز ہی اس سے وابستہ تمام اُمور کا ذمہ دار ہوگا۔
- حبیب میٹروپولیٹن بینک اپنے گرانقدر صارفین کے لیے اس پروڈکٹ کے لیے محض ایک کارپوریٹ تکافل ایجنٹ/تقسیم کار کی حیثیت سے کام کر رہا ہے۔
- تکافل ممبر شپ سے متعلق تکافل کے تمام کلیمز، چارجز اور ادائیگیوں کے لیے ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز واحد اور انفرادی طور پر ذمہ دار ہوگا۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کیلئے رہنمائی کا باعث ہو۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اور نہ ہی حبیب میٹروپولیٹن بینک کسی بھی طرح ذمہ دار ہوں گے۔
- ہمارا نمائندہ آپ کو فوائد کی ایک شخصی مثال فراہم کرے گا۔ برائے مہربانی اس مثال میں دیے گئے تمام شرائط وضوابط کو پڑھیں اور سمجھیں کیونکہ ان کی مکمل آ گاہی انتہائی ضروری ہے۔
- سروس چارجز اور ٹیکسیز بینک کے اسلامک شیڈول آف چارجز اور متعلقہ حکام سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہوں گے۔ فنڈ میں سرمایہ کاری کے خدشات بہرحال ممبر شپ کے حامل کو برداشت کرنے ہوں گے۔
- معاہدہ کس طور پر کام کرتا ہے اس کی تفصیلات شریک تکافل رکنیت دستاویزات میں دی گئی ہیں۔ پروڈکٹ کا یہ کتابچہ صرف پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے۔
- اگر آپ کو اپنی تکافل ممبر شپ سے متعلق کوئی شکایت ہو تو آپ کسی بھی حبیب میٹرو بینک کی برانچ میں جا سکتے ہیں یا آپ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز سے (021)-111-EFU-HEM، (111-338-436) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**ای ایف یو لائف-ونڈو تکافل آپریشنز**
**ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8 ویں ایسٹ اسٹریٹ،**
**فیز 1، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی، پاکستان**
**فون: +92-21-111-EFU-HEM(111-338-436)**
**فیکس: +92-21-34537519**
ای میل: csd@efuhemayahtakaful.com
ویب سائٹ: www.efuhemayahtakaful.com

**انڈیکسیشن:**

یہ اختیار آپ کو ذہنی سکون اور تحفظ فراہم کرتا ہے یہ جان کر کہ آپ کے پلان سے دستیاب فوائد کی خودکار طور پر قطع نظر آپ کی صحت کے ہر سال افراطِ زر کے مطابق تجدید ہو جائے گی۔ ایک بار جب آپ یہ اختیار منتخب کرتے ہیں تو اس انتخاب کی صورت میں آپ کا کنٹری بیوشن ہر سال پچھلے سال کے کنٹری بیوشن کے 5 فیصد کے حساب سے بڑھے گا۔ اسی طرح اصل پلان کا سم کور بھی، اور اضافی رائڈرز اگر کوئی ہوں تو وہ شرائط سے مشروط اسی تناسب سے بڑھ جائیں گے۔

البتہ آپ سم کورڈ بڑھائے بغیر صرف کنٹری بیوشن بڑھانے کا اختیار منتخب کر سکتے ہیں۔ سم کورڈ پر انڈیکسیشن کی شرح کے مطابق اضافے کا آپشن آپ 55 سال کی عمر تک حاصل کر سکتے ہیں، بشرطیکہ آپ ابتدائی طور پر طے کردہ شرائط کے مطابق قبول کیے گئے ہوں۔

**عمومی طور پر پوچھے جانے والے سوالات:**

قابلِ اطلاق عمر اور مدّت کیا ہے؟

شریک تکافل کی عمر 18 سے 65 کے درمیان ہونی چاہیے۔ تکافل ممبر شپ کی مدّت 10 سے 25 سال کے درمیان کم زیادہ ہو سکتی ہے۔ جو کہ میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ 75 سال کی عمر سے مشروط ہے۔

**کم از کم کنٹری بیوشن کی حدود کیا ہے؟**

شرکاء کے لیے کم از کم کنٹری بیوشن 250,000 روپے سالانہ ہے۔ تاہم کنٹری بیوشن سالانہ ششماہی، سہ ماہی، ماہانہ موڈ کے اختیارات کے ساتھ ادا کیا جا سکتا ہے۔

**چارجز:**

**وکالۃ الاستثمار:**

| خصوصیات | چارجز |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 175 روپے ماہانہ |
| بِڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ کنٹری بیوشن کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| ایلوکیشن چارجز | اوپر دیے گئے ایلوکشن ٹیبل کے مطابق |
| تکافل ڈونیشن (وقف ڈونیشن) | شریک تکافل کی عمر اور سم ایٹ رسک کے حساب سے ایکچوریل کی طرف سے مقرر کردہ رقم جو کہ شریک تکافل فنڈ میں ہر سال جمع کی جائے گی۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کورڈ (زرِ تحفظ) سے بڑھ جائے تو تکافل ڈونیشن کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی۔ |
| وکالہ چارجز | تکافل ڈونیشن کا 40 فیصد |

سے قاصر ہو تو کنٹری بیوشن کی رقم ای ایف یو لائف شرکاء تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) سے ادا کرے گی۔

***ایک وقت میں تکافل ایکسیڈنٹل بینیفٹس میں سے ایک کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔**

**یونٹ ایلوکیشن:**

ای ایف یو لائف فنڈز کے یونٹس کی خریداری کے لیے کنٹری بیوشنز درج ذیل فیصد کے اعتبار سے مختص کیے جاتے ہیں:

| ممبر شپ سال | ایلوکیشن | ایلوکیشن کے چارجز* |
|---|---|---|
| 1 | 80 فیصد | 20 فیصد |
| 2 | 85 فیصد | 15 فیصد |
| 3 سے 4 | 95 فیصد | 5 فیصد |
| 5 سے 9 | 100 فیصد | – |
| 10 اور اس سے زیادہ | 103 فیصد | – |

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کیے گئے کنٹری بیوشن/ زرِ تکافل میں سے تخصیص کی فیس منہا کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی۔

اضافی اختیاری کنٹری بیوشن کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ کے یونٹس کی خریداری کے لیے مختص کیا جاتا ہے۔

**سم کوورڈ:**

وفات کی صورت میں یہ ضمانت شدہ رقم شرکاء تکافل کو ادا کی جاتی ہے۔ سم کوورڈ کا تعین سالانہ بنیادی کنٹری بیوشن سے ضرب کردہ کور ملٹیپل کے مساوی ہے۔ کور ملٹیپل کا انحصار پالیسی خریدتے وقت کی عمر پر ہے۔ درج ذیل تفصیل سے سم کور کا انتخاب کیا جائے گا:

| عمر | کور ملٹیپل |
|---|---|
| 18 سے 35 سال | 5 سے 75 |
| 36 سے 40 سال | 5 سے 50 |
| 41 سے 49 سال | 5 سے 25 |
| 50 سے 65 سال | 5 |

**فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن (ایف اے سی):**

اگر شریک تکافل کے پاس مزید رقم موجود ہو تو پلان ان رقوم کو پلان میں شامل کرنے کی اور بچتوں میں تیزی فراہم کرنے کی لچک پیش کرتا ہے۔ اس یکمشت رقم کو فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کہتے ہیں اور اس کو دوران مدّت پلان میں کسی بھی وقت جمع کروایا جا سکتا ہے۔ کم از کم ایف اے سی 50,000 روپے ہے۔

**مکمل اور جزوی دستبرداری:**

پلان ہمیشہ جمع شدہ فنڈ مالیت تک مکمل رسائی فراہم کرتا ہے۔ مختص کیے گئے تمام یونٹس (خواہ جزوی طور پر یا مکمل طور پر) پہلے سال کے باقاعدہ کنٹری بیوشن کی ادائیگی کے بعد نکالے جا سکتے ہیں۔ جزوی دستبرداری فنڈ میں 250,000 روپے موجود رہنے سے مشروط ہے۔ اگر صارف مکمل دستبرداری کا انتخاب کرتا ہے تو تمام یونٹس کو کیش ویلیو میں تبدیل کر دیا جائے گا اور پلان کو ختم کر دیا جائے گا۔

ای ایف یو تکافل مستحکم ہائی ویلیو سیونگ پلان، شریعت کے مطابق سرمایہ کاری سے منسلک تکافل انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے جو ان اشرافیہ کی مالی ضرورتوں کو پورا کرتا ہے جو مالی استحکام اور طویل المدت بچت کو ترجیح دیتے ہیں۔ یہ پلان پُرکشش منافع جات کے ساتھ تحفّظ بھی فراہم کرتا ہے جو اشرافیہ کو اپنے مستقبل کو محفوظ کرنے اور اس کے ساتھ ساتھ مالی تحفّظ کو یقینی بنانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

اس پلان میں ہائیر یونٹ ایلوکیشن ہے جو صارفین کی اپنی بچتوں کی نمو کے لیے ایک قابلِ بھروسہ طریقہ فراہم کر کے یکساں اور پُرکشش منافع جات پیش کرتا ہے۔ تکافل ہائی ویلیو سیونگ پلان نشو ونما، لچک اور استطاعت پر مرکوز ہے، جو صارفین کو اپنے منفرد مالی اہداف حاصل کرنے کے لیے اپنی سرمایہ کاری اپنے طریقوں سے کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ ای ایف یو تکافل مستحکم ہائی ویلیو سیونگ پلان کا انتخاب کر کے، اشرافیہ اضافی فوائد کے ذریعے اضافی تحفّظ کی سطحات بھی شامل کر سکتے ہیں۔ یہ پلان بچتیں جمع کرنے اور زندگی کے تحفّظ کا اصل امتزاج ہے۔

ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے شریعہ مشیر مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ نے، جو کہ جامعہ دارالعلوم کراچی کے ایک نامور اسکالر ہیں اور اسلامی مالیات اور تکافل کا ایک وسیع تجربہ رکھتے ہیں، ای ایف یو تکافل مستحکم ہائی ویلیو سیونگ پلان پر نظرِ ثانی کی ہے اور اس کی منظوری دی ہے۔

**پروڈکٹ کا اظہار:**

**یہ ایک ایسا فیملی تکافل پروڈکٹ ہے جس کے دو نمایاں عناصر ہیں یعنی تحفّظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا جز یونٹ سے منسلک فنڈ (فنڈز) کے تحت اساسی سرمایہ جات کی کارکردگی سے مربوط ہے۔**

**غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ):**

**اگر آپ ممبر شپ دستاویز کی وصولی کے چودہ دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز بطور فائدے کے طبی یا کلینکل معائنہ کے سلسلے میں پیش آنے والے اخراجات منہا کر کے کنٹری بیوشن کے مساوی رقم کی ادائیگی کا انتظام کرے گی۔**

**نشو و نما کے لیے مواقع:**

آپ درج ذیل فنڈز میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:
تمام فنڈز کی رسک پروفائلنگ ان میں کی جانے والی سرمایہ کاری کے تحت کی گئی ہے۔

**ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ**

**فنڈ کی قسم:** متوازن

**رسک پروفائل:** درمیانی

یہ یونٹ سے منسلک ایک شرکاء تکافل سرمایہ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ فنڈ کا مقصد ایک پورٹ فولیو کے پھیلاؤ میں سرمایہ کاریوں کی ایک وسیع رینج میں جیسے کہ اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکوٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی اسکیموں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

**ای ایف یو تکافل کنزرویٹیو فنڈ:**

**فنڈ کی قسم:** انکم فنڈ

**رسک پروفائل:** کم

ای ایف یو تکافل کنزرویٹیو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمتِ عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعت کے مطابق حکومتی سکیورٹیز، شریعت کے مطابق غیر ایکویٹی میوچل فنڈز، شریعت کے مطابق قلیل المدّت ڈپازٹس، اسلامی بینکوں میں یا مروّجہ بینکوں کی اسلامک ونڈوز میں دی جانے والی خدمات میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک شرکاء تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔

**ای ایف یو تکافل ایگریسیو فنڈ:**

**فنڈ کی قسم:** ایگریسیو

**رسک پروفائل:** زیادہ

یہ یونٹ سے منسلک شرکاء تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدِنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

**ملٹی پل فنڈ آپشن**

اس اختیار کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈ کے مرکب کو 10 فیصد کے ملٹی پلز میں منتخب کیا جا سکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10 / 90، 20 / 80، 30 / 70، 40 / 60 یا 50 / 50 میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔


***ای ایف یو تکافل کنزرویٹیو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا۔**

**تکافل کیا ہے؟**

تکافل ماہرین شریعت کی زیرِ نگرانی تیار کردہ باہمی تعاون کے اصولوں پر مبنی تحفّظ اور سرمایہ کاری کا طریقۂ کار ہے جو اسلامی اصولوں کے مطابق آپ کو اور آپ کے پیاروں کو مستقبل میں آنے والی مالی پریشانیوں اور ہر مسائل سے تحفّظ فراہم کرتا ہے۔ تکافل پروڈکٹ باہمی تعاون اور بھائی چارے کی بنیادوں پر تکافل پلان کے شرکاء کو غیر متوقع جانی اور مالی نقصانات کی صورت میں مالی تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔

**تکافل ممبر شپ کیسے کام کرتی ہے؟**

ای ایف یو لائف کا تکافل ماڈل وکالتہ وقف کے اصولوں پر مبنی ہے۔ معاشرے میں سے کچھ افراد ایک اجتماعی مقصد کے لیے یکجا ہوتے ہیں اور تکافل آپریٹر کے زیرِ انتظام وقف فنڈ میں پیسے جمع کرتے ہیں تا کہ وہ خود کو مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے محفوظ کر سکیں۔ درج تصویری خاکہ اس چیز کا خلاصہ بیان کرتا ہے کہ آپ کی تکافل رکنیت ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ساتھ کس طرح کام کرے گی:




**سرپلس شیئرنگ کیا ہے؟**

یہ تکافل پلان شرکاء تکافل کو مالی خطرات کے تحفّظ کے ساتھ ساتھ سرپلس کی تقسیم کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے۔ شرکاء تکافل فنڈ میں تبرع (عطیہ) کا حصّہ ڈال کر ممکنہ سرپلس کی تقسیم میں حصّے دار بھی ہو سکتے ہیں۔ ہر سال کے آخر میں، ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اپنے شریعہ مشیر اور مقرر کردہ ایکچوری کے منظور کردہ طریقۂ کار کے مطابق پی ٹی ایف میں سرپلس کا تعین کرے گا۔

**سرپلس شیئرنگ کے فوائد کیا ہیں؟**

پی ٹی ایف کے سرپلس کا ایک حصّہ شریک تکافل سرمایہ کاری اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں اضافی یونٹس کی تخصیص کے ذریعے شریک میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ یہ اضافی بونس یونٹس آپ کے تکافل پلان کی نقد اقدار میں نمایاں اضافہ کریں گے۔

**وقف ڈونیشن:**

وقف ڈونیشن جو تکافل تحفّظ اور شریک تکافل کی عمر پر منحصر ہوتا ہے، بنیادی پلان کنٹری بیوشن سے (پی ٹی ایف) میں منتقل کی جائے گا۔

**فوائد:**

**ڈیتھ بینیفٹ:**

تکافل کی مدّت کے دوران شریک تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں مندرجہ ذیل تکافل بینیفٹ ادا کیا جائے گا:

- پلان کا سم کوورڈ یا بنیادی کنٹری بیوشن کو مختص کیے گئے یونٹس کی کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو)

**پلس**

- فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کی کیش ویلیو (اگر کوئی ہوں)

**میچورٹی بینیفٹ:** ممبر شپ کی مدّت کے اختتام تک اگر شریک تکافل حیات ہو تو میچورٹی بینیفٹ مندرجہ ذیل ہوگا:

- بنیادی پلان کے کنٹری بیوشن کو مختص کیے گئے یونٹس کی کیش ویلیو (شرکاء تکافل انویسٹمنٹ فنڈ (پی ائی اے) میں سے)

**پلس**

- شرکاء تکافل انویسٹمنٹ فنڈ (پی ائی اے) میں سے فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کی کیش ویلیو (اگر کوئی ہوں)

**حمایہ پرائمس بینیفٹس:**

ای ایف یو لائف پیش کرتا ہے حمایہ پرائمس جو کہ زندگی کے مسلسل بدلتے ہوئے حالات سے نبرد آزما ہونے کے لیے وضع کیا گیا، اعلیٰ طرز کی منفرد خدمات کا حامل ہے۔ حمایہ پرائمس ہمارے اعلیٰ قدر صارفین کے لیے تیار کیا گیا ہے اور ان کو غیر معمولی تجربہ اور شخصی خدمات فراہم کرتا ہے۔ ای ایف یو تکافل مستحکم ہائی ویلیو سیونگ پلان کے شرکاء تکافل حمایہ پرائمس کے حیرت انگیز فوائد حاصل کر سکتے ہیں قطع نظر اس کے کہ وہ ای ایف یو تکافل مستحکم ہائی ویلیو سیونگ پلان کی کون سی قسم کا انتخاب کرتے ہیں۔ تفصیلات کیلئے، آپ ہماری ویب سائٹ primus.efuhemayahtakaful.com تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**ایکسٹینڈڈ ٹرم تکافل:**

سب سے زیادہ لچکدار فیچر جو شریک تکافل کو اختیار دیتا ہے کہ وہ طے شدہ تکافل کی اضافی مدّت کے لیے کنٹری بیوشن ادا کرے اور بقیہ پالیسی کی مدّت کے لیے کنٹری بیوشن روک دے۔ یہ خاص طور پر اس وقت کارآمد ہے جب حامل پالیسی کنٹری بیوشن ادا کرنے کے قابل نہ ہو مگر تحفظ کا خواہاں ہو۔ تکافل کی مدّت میں اضافے کا اختیار دس پالیسی سالوں کی کنٹری بیوشن کی ادائیگی سے قبل حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ رائڈرز (اگر کوئی ہو) تو منسوخ ہو جائیں گے اگر تکافل کی مدّت میں اضافے کا انتخاب کر لیا جاتا ہے۔

**اختیاری فوائد:**

اس کے علاوہ اور بھی بہت سے مختلف اختیاری فوائد آپ کو حاصل ہو سکتے ہیں جو آپ کے تحفّظ کے درجے کو بڑھانے کے لیے بنیادی پلان کے ساتھ منسلک کیے جا سکتے ہیں۔

**تکافل ایکسیڈینٹل ڈیتھ بینیفٹ:***

اگر وفات کسی حادثے کے باعث پیش آتی ہے تو یہ فائدہ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**تکافل ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلیٹی بینیفٹ:***

حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایڈیشنل ٹرم تکافل:**

شریک تکافل کی وفات کی صورت میں یہ فائدہ بنیادی پلان کی سم کورڈ کا 50 فیصد سے 300 فیصد تک ایک اضافی رقم مہیا کر کے زندگی کے تحفظ کے درجے کو بڑھاتا ہے۔

**پلگریمیج بینیفٹ:**

پلان کی مدّت کے دوران، اگر شرکاء تکافل مذہبی ارکان کی ادائیگی کے لیے سفر کرتا ہے، ای ایف یو لائف حج، عمرہ یا زیارت مذہبی سفر وغیرہ کے فرائض کی انجام دہی کے دوران حادثاتی وفات پر تحفّظ فراہم کرتا ہے۔ اس حادثاتی فائدے کے تحت ملنے والا فائدہ اصل پلان کے سم کور کا 100 فیصد ہوگا، جو کہ زیادہ سے زیادہ 10 لاکھ روپے کی حد سے مشروط ہے۔ اس فیچر کا میچورٹی کی تاریخ سے یا مکمل دستبرداری کی تاریخ سے 13 مہینے کے اضافی دورانیے کے لیے اطلاق ہوگا۔

**تکافل ریٹرن آف کنٹری بیوشن بینیفٹ:**

ریٹرن آف کنٹری بیوشن بینیفٹ ایک منفرد فائدہ ہے جو ای ایف یو لائف کے متوقع صارفین کو پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ رائڈر آپ کو ایک اضافی فائدہ فراہم کر کے آپ کے تحفظ کو بڑھاتا ہے۔ شریک تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں، شرکاء تکافل کو نہ صرف وفات فائدہ حاصل ہوگا بلکہ کنٹری بیوشن کی واپسی کے رائڈر کے لیے ادا کیے گئے کنٹری بیوشن کو نکال کر ادا شدہ کنٹری بیوشن کی کل رقم حاصل کر سکے گا۔

**تکافل فیملی انکم بینیفٹ:**

یہ فائدہ ممبر شپ کی مدّت کے دوران شرکاء تکافل کی اچانک وفات کی صورت میں یہ پلان اہل خانہ کو ایک ماہانہ آمدنی کی ادائیگی یقینی بناتا ہے۔

**تکافل لائف کیئر انہانسڈ بینیفٹ:**

یہ رائڈر بیس تحفظ شدہ سنگین بیماریوں میں سے کسی کے بھی ہو جانے پر یا تشخیص پر 50,000 روپے کی حد سے شروع ہو کر زیادہ سے زیادہ 500,000 روپے سے مشروط اصل پلان کے سم کور کے مساوی ایک لچکدار فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**تکافل ویور آف کنٹری بیوشن:**

اگر شریک تکافل کسی بیماری یا حادثے کے باعث 6 ماہ یا اس سے زیادہ اپنی ملازمت یا کوئی پیشہ اختیار کرنے